BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

برامپٹن میں سِوک ہالیڈے 2019

برامپٹن، آن (31 جولائی 2019) – اس سال سوک ہالیڈے بروز پیر، 5 اگست کو آ رہا ہے۔ لہٰذا، اس دن سٹی کی بہت سی خدمات دستیاب نہیں ہوں گی یا معمول سے کم کی سطح پر کام کریں گی۔

برامپٹن سٹی ہال 5 اگست کو بند رہے گا۔ شہری اس وقت کے دوران خود آ کر شادی کے لائسنس کے لیے درخواست دینے، عدالتی شادی کی تقریبات بک کرنے، غلط پارکنگ پر جرمانہ بھرنے، پرمٹس کے لیے درخواست دینے یا کاروباری لائنسز درخواست دینے یا تجدید کروانے کے قابل نہیں ہوں گے۔

کئی خدمات معمول کے مطابق کام کرنا جاری رکھیں گی، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور سٹی آف برامپٹن بائی لاء انفورسمنٹ۔

برامپٹن ٹرانزٹ

سوک ہالیڈے کے دوران برامپٹن ٹرانزٹ درج ذیل شیڈول پر عمل کرے گا۔

- جمعہ، 2 اگست: ہفتے کے عام دنوں کی سروس
- ہفتہ، 3 اگست: ہفتہ کے دن کی سروس
- اتوار، 4 اگست: اتوار/چھٹی کے دن کی سروس
- پیر، 5 اگست (سوک ہالیڈے): اتوار/چھٹی کے دن کی سروس

سوک ہالیڈے کے موقع پر تمام ٹرمینلز پر کسٹمر سروس کاؤنٹرز اور کلارک اور سینڈل وُڈ کی سہولت گاہیں بند رہیں گی۔

روٹ اور شیڈول کی معلومات کے لیے، 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں۔ اگلی بس کے براہ راست اوقات کی معلومات کے لیے اپنے اسمارٹ فون یا دیگر موبائل ڈیوائس پر nextride.brampton.ca ملاحظہ کریں۔ سفر کی منصوبہ بندی کے دیگر ٹولز کے لیے www.triplinx.ca یا گوگل میپس ملاحظہ کریں۔

برامپٹن ریکریئیشن

سوک ہالیڈے ویکینڈ کے موقع پر زیادہ تر تفریحی سہولیات کھلی رہیں گی۔ تجدید شدہ ڈراپ ان پروگراموں کے شیڈولز اور اوقات کار کے لیے اپنے مقامی تفریحی سنٹر یا 311 کو کال کریں یا www.brampton.ca/recreation ملاحظہ کریں۔ سٹی کا ریکریئیشن ایڈمنسٹریشن آفس سوک ہالیڈے پر بند رہے گا۔

برامپٹن اینیمل سروسز

برامپٹن اینیمل شیلٹر، سوک ہالیڈے پر بند رہے گا۔ مزید معلومات کے لیے 905.458.5800 یا 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca/animalservices ملاحظہ فرمائیں۔

برامپٹن لائبریری

برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں بروز اتوار، 4 اگست اور سوک ہالیڈے پر بند رہیں گی۔ مزید معلومات کے لیے 905.793.4636 یا 311 پر کال کریں یا www.bramptonlibrary.com ملاحظہ کریں۔

فائر ورکس کی سیفٹی

BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

سٹی آف برامپٹن سوک ہالیڈے پر آتش بازیوں کے کسی بھی مظاہرے کا انعقاد نہیں کر رہا۔

سوک ہالیڈے سال کے ان چار دنوں میں شامل نہیں ہے جن کے دوران برامپٹن میں ذاتی آتش بازیاں چلانے کی اجازت ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، www.brampton.ca/bylaws ملاحظہ کریں۔

شہریوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ کسی قسم کی مزید سوالات کے لیے سروس برامپٹن کو 311 پر کال کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca